# International Seminar For Seed Testing


روزنامہ ایکسپریس ملتان

TUESDAY, MARCH 21, 2023

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 21 شمارہ 216 | منگل، 28 شعبان المعظم، 21 مارچ 2023ء، 8 چیت، صفحات 10 قیمت 25 روپے




ملتان: ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں انٹرنیشنل سیمینار کے موقع پر شرکاء خطاب کررہے ہیں

## ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد

### سیڈ ٹیسٹنگ کی مزید لیبارٹریوں کا قیام عمل میں لانا چاہیے: ثاقب علی عطیل

### بیج کی سپلائی چین اگرانومی، پتھالوجی کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے: آصف علی

ملتان (نامہ نگار) ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت سیکرٹری زراعت ساتھ پنجاب ثاقب علی عطیل نے کی۔ جبکہ انٹرنیشنل گیسٹ سپیکر یونیورسٹی آف کیلیفورنیا امریکہ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر) سیڈ سرٹیفکیشن (ٹیموتھی بلینک نے تصدیق شدہ بیج کی تیاری کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی شرکاء کو بتایا جس کی سفارشات یہ تھیں کہ پاکستان کو بھی انٹرنیشنل سیڈ ٹیسٹنگ ایسوی ایشن اور آرگنائزیشن فار اکنامک کارپوریشن جیسی بین الاقوامی سیڈ ٹیسٹنگ تنظیموں کا حصہ بننا چاہیے۔ سیکرٹری زراعت ثاقب علی عطیل نے کہا کہ تصدیق شدہ بیج کی تیاری کیلئے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی مجموعی کاوش اور محکمہ زراعت توسیع کی طرف سے کسانوں کی رہنمائی بہت ضروری ہے۔ مزید انہوں نے سیڈ سٹیورڈ شپ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے بیج کی تیاری کیلئے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنے کا مشورہ دیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی) تمغہ امتیاز (نے بیج کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے بیج کو ہی زندگی اور زراعت کو درپیش مسائل کا حل قرار دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ بیج کی سپلائی چین اگرانومی، پتھالوجی کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر فواد شاہ نے تصدیق شدہ بیج کے ذریعے پیداوار کی بڑھوتری پر بات کرتے ہوئے بیج کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لئے ہارویسٹر مشینری کو بہتر بنانے اور بیج کو خشک اور ٹھنڈی جگہ پر ذخیرہ کرنے پر زور دیا۔ انہوں نے پلانٹ بریڈر رائٹس کو بھی انتہائی اہم قرار دیا۔ سیمینار میں ڈاکٹر حیدر کرار، ڈاکٹر صغیر احمد، ڈاکٹر قمر شکیل، سید حسن رضا، چوہدری محمد حنیف، سید وقاص الرحمٰن، ڈاکٹر ہارون مقصود، آصف رسول، ڈاکٹر حماد ندیم طاہر، ڈاکٹر عبد الغفار، ڈاکٹر محمد شاہد، ڈاکٹر عامر بختاور، ڈاکٹر محمود سمیت سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔

# International Seminar For Seed Testing

THE DAILY JANG MULTAN
روزنامہ
جنگ ملتان
بانی...... میر خلیل الرحمٰن



ایم این ایس یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار سے شرکاء خطاب کررہے ہیں

## ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت پرسیمینار

**سیڈ ٹیسٹنگ لیبارٹریوں کا قیام ضروری، تمام اسٹیک ہولڈرز اپنا کردار ادا کریں، امریکی زرعی ماہر**

ملتان (سٹاف رپورٹر) ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت سیکرٹری زراعت ساؤتھ پنجاب ثاقب علی عطیل نے کی۔ جبکہ انٹرنیشنل گیسٹ سپیکر یونیورسٹی آف کیلیفورنیا امریکہ کے ایگزیکٹوڈائریکٹر (سیڈسرٹیفکیشن) ٹیموتھی بلینک نے تصدیق شدہ بیج کی تیاری کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی شرکاء کو بتایا جس کی سفارشات یہ تھیں کہ پاکستان کو بھی انٹرنیشنل سیڈ ٹیسٹنگ ایسوی ایشن اور آرگنائزیشن فار اکنامک کارپوریشن جیسی بین الاقوامی سیڈ ٹیسٹنگ تنظیموں کا حصہ بننا چاہیے۔ کوالٹی سیڈ کی منظوری تیسری پارٹی سے ہونی چاہیے جس میں پرائیویٹ کمپنیوں کی تنظیم پاکستان سیڈ ایسوی ایشن اور اکیڈیمیا کے ممبران کو مل بیٹھ کر کام کرنا چاہیے۔ مزید کہا کہ سیڈ ٹیسٹنگ کی مزید لیبارٹریوں کا قیام عمل میں لانا چاہیے اور صرف حکومت پر بہتر تصدیق شدہ بیج کی فراہمی کی ذمہ داری نہیں ڈالنی چاہیے بلکہ تمام اسٹیک ہولڈرز کو اپنا کردار ادا کرنا چاہیے اس کے ساتھ ساتھ پرائیویٹ سیکٹر کو بھی آگے آنا چاہیے۔ سیکرٹری زراعت ثاقب علی عطیل نے کہا کہ تصدیق شدہ بیج کی تیاری کیلئے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی مجموعی کاوش اور محکمہ زراعت توسیع کی طرف سے کسانوں کی رہنمائی بہت ضروری ہے۔ وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی نے بیج کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے بیج کو ہی زندگی اور زراعت کو درپیش مسائل کا حل قرار دیا۔ ڈاکٹر فواد شاہ نے تصدیق شدہ بیج کے ذریعے پیداوار کی بڑھوتری پر بات کرتے ہوئے بیج کی کوالٹی کو بہتر بنانے کے لئے هارویسٹر مشینری کو بہتر بنانے اور بیج کو خشک اور ٹھنڈی جگہ پر ذخیرہ کرنے پر زور دیا۔ سیمینار میں ڈاکٹر حیدر کرار، ڈاکٹر صغیر احمد، ڈاکٹر قمر شکیل، حسن رضا، چوہدری محمد حنیف نے بھی شرکت کی۔

# International Seminar For Seed Testing

http://www.khabrain.com E-mail:- daily.khabrain@gmail.com khabrain@khabrain.com

LOCAL

ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت۔ ملتان، بہاولپور، کراچی، حیدرآباد، سکھر، لاہور، اسلام آباد، پشاور اور مظفرآباد (آزادکشمیر) سے شائع ہونیوالا قومی اخبار

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں ملتان

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

Tuesday 21 March ,2023

جلد 31 | منگل 28 شعبان المعظم 1444ھ 21 مارچ 2023ء 07 چیت 2079 ب صفحات 8 قیمت 25 روپے | شمارہ 290

## تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد

### سیمینار کی صدارت سیکرٹری زراعت ثاقب علی عطیل تھے، ٹیموتھی بلینگ نے شرکائے سے گفتگو کی

ملتان (خصوصی رپورٹر) ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار کی صدارت سیکرٹری زراعت ساؤتھ پنجاب ثاقب علی عطیل نے کی جبکہ انٹرنیشنل گیسٹ سپیکر یونیورسٹی آف کیلیفورنیا امریکہ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر (سیڈ سرٹیفکیشن) ٹیموتھی بلینک نے تصدیق شدہ بیج کی تیاری کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی شرکاء کو بتایا جس کی سفارشات یہ تھیں کہ پاکستان کو بھی انٹرنیشنل سیڈ ٹیسٹنگ ایسوسی ایشن اور آرگنائزیشن فار اکنامک کارپوریشن جیسی بین الاقوامی سیڈ ٹیسٹنگ تنظیموں کا حصہ بننا چاہیے۔ کوالٹی سیڈ کی منظوری تیسری پارٹی سے ہونی چاہیے جس میں (ایف ایس سی آر ڈی) پرائیویٹ کمپنیوں کی تنظیم پاکستان سیڈ ایسوسی ایشن اور اکیڈیمیا کے ممبران کو مل بیٹھ کر کام کرنا چاہیے۔ سیمینار میں ڈاکٹر حیدر کرار، ڈاکٹر صغیر احمد، ڈاکٹر قمر شکیل، سید حسن رضا، چوہدری محمد حنیف، سید وقاص الرحمٰن، ڈاکٹر ہارون مقصود، آصف رسول، ڈاکٹر حماد ندیم طاہر، ڈاکٹر عبدالغفار، ڈاکٹر محمد شاہد، ڈاکٹر عامر بختاور، ڈاکٹر محمود سمیت سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں خوشیوں بھرے ہفتہ کے اختتامی روز خوشی، صحت اور ویلنیس پر مبنی سیمینار منعقد ہوا جس میں انسانی صحت پر خوشی کی کیفیت کا ذکر ہوا۔



ملتان: ایم ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے حوالے سے شرکاء خطاب کر رہے ہیں۔

# International Seminar For Seed Testing


مسلسل اشاعت کے 82 سال

نوائے وقت


## پاکستان بین الاقوامی سیڈ ٹیسٹنگ تنظیموں کا حصہ بنے، ٹیموتھی بلینگ

### کوالٹی سیڈ کی منظوری تیسری پارٹی سے کروائی جائے، سیمینار سے خطاب

### بیج کی تیاری کیلئے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنا چاہیے ثاقب علی عطیل

### بیج کی سپلائی چین اگرانومی، پیتھالوجی کو بہتر بنانے کی ضرورت ڈاکٹر آصف علی

ملتان (وقائع نگار خصوصی) ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت وافادیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے یونیورسٹی آف کیلیفورنیا امریکہ کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر (سیڈ سرٹیفیکیشن) ٹیموتھی بلینگ نے کہا ہے کہ پاکستان کو چاہیے کہ انٹرنیشنل سیڈ ٹیسٹنگ ایسوسی ایشن اور آرگنائزیشن فار اکنامک کارپوریشن جیسی بین الاقوامی سیڈ ٹیسٹنگ تنظیموں کا حصہ بنے۔ کوالٹی سیڈ کی منظوری تیسری پارٹی سے کروائی جائے ملک میں مزید سیڈ ٹیسٹنگ کی لیبارٹریوں کا قیام عمل میں لایا جائے سیکرٹری زراعت ثاقب علی عطیل نے کہا کہ تصدیق شدہ بیج کی تیاری کیلئے پبلک اور پرائیویٹ سیکٹر کی مجموعی کاوش اور محکمہ زراعت توسیع کی طرف سے کسانوں کی رہنمائی بہت ضروری ہے۔ انہوں نے سیڈ سٹیورڈ شپ کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے بیج کی تیاری کیلئے پرائیویٹ سیکٹر کو آگے آنے کا مشورہ دیا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر آصف علی نے کہا کہ بیج کی سپلائی چین اگرانومی، پیتھالوجی کو بہتر بنانے کی ضرورت ہے۔ ڈاکٹر فواد شاہ نے بیج کو خشک اور ٹھنڈی جگہ پر ذخیرہ کرنے پر زور دیا۔ سیمینار میں ڈاکٹر حیدر کرار، ڈاکٹر صغیر احمد، ڈاکٹر قمر شکیل، سید حسن رضا، چوہدری محمد حنیف، سید وقاص الرحمٰن، ڈاکٹر ہارون مقصود، آصف رسول، ڈاکٹر حماد ندیم طاہر، ڈاکٹر عبدالغفار، ڈاکٹر محمد شاہد، ڈاکٹر عامر بختاور، ڈاکٹر محمود سمیت سیڈ کمپنیوں کے نمائندگان نے شرکت کی۔



ملتان ایم این ایس زرعی یونیورسٹی میں تصدیق شدہ بیج کی اہمیت کے موضوع پر انٹرنیشنل سیمینار سے شرکاء خطاب کرتے ہوئے